## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

# ال سلواڈور کے سفیر برائے ہندوستان قابل احترام جناب گلیمر ورو بیو فیونس نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'ال سلواڈور: ملک اور تہذیب' کے موضوع پر خطبہ دیا

New Delhi, August 6, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ السنۂ خارجی کے ہسپانوی و لاطینی امریکن مطالعات پروگرام نے ال سلواڈور کے سفارت خانے کے اشتراک سے مورخہ پانچ اگست دو ہزار پچیس کو ال سلواڈور کے سفیر برائے ہندوستان عالی مقام جناب گلیمر و بیو فیونس کے خطبے کا اہتمام کیا۔ خطبے کا موضوع 'ال سلواڈور: ملک اور تہذیب' تھا۔ فاضل مقرر نے خطبے میں سلواڈور کی تاریخ وثقافت، جغرافیہ، مطالعہ جمہور اور تہذیب پر تفصیل سے اظہار خیال کیا۔ تہذیبی وثقافتی بیداری کے تئیں پہل کے حصے کے طور پر اس لیکچر کا انعقاد کیا گیا تھا۔

ٹاک کی صدارت عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے کی۔ انھوں نے اپنی صدارتی گفتگو میں زبان اور ہماری سماجی وانفرادی زندگی میں اس کے اثرات کے سلسلے میں بیش بصیرت افروز نکات بیان کیے۔ انھوں نے طلبہ کو تحریک دلائی کہ وہ تہذیبوں اور ثقافتوں کی تفہیم کے لیے زبانوں کو کلید سمجھیں نیز معزز مہمانان اور طلبہ کے لیے ہسپانوی زبان میں تحریر ایک پیراگراف پڑھا۔ شعبے نے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد اقتدار خاں، ڈین فیکلٹی آف ہیومنی ٹیز کے بھرپور تعاون اور ٹاک کے کامیاب انعقاد کے لیے نیک خواہشات کے تئیں جذبۂ امتنان کا اظہار کیا۔

شیخ الجامعہ اور قابل احترام مہمان کے دست مبارک سے تصاویر کی نمائش کی افتتاح کے ساتھ پروگرام کا آغاز ہوا۔ نمائش میں لگی تصاویر ال سلواڈور کی تاریخ، تہذیب وثقافت اور فن تعمیر کی ثروت مندی اور دلکشی کی نمائندگی کر رہی تھیں۔ افتتاح کے بعد ہسپانوی پروگرام کے طلبہ نے سب کا پرجوش خیر مقدم کیا اور پروگرام کوآرڈی نیٹر پروفیسر نورین خان کی افتتاحی تقریر ہوئی۔ کارگزار صدر پروفیسر سونیا سوربھی گپتا نے قابل احترام مہمان اور عزت مآب شیخ الجامعہ کا پرخلوص خیر مقدم کیا۔

ہندوستان میں ال سلواڈور کے سفر معزز مہمان گلیمر ورو بیو فیونس نے ال سلواڈور کی پھولتی پھلتی تہذیب اور خوب صورت جغرافیہ پر گراں قدر ٹاک پیش کیا۔ زبان وتہذیب کی آموزش کے استحکام کے لیے انھوں نے عوام کے رابطے پر زور دیا۔ سفارت خانے کی منسٹر قونصلر محترمہ ایونئے بونیلا نے ایک سلائیڈ شو پرزینٹیشن دیا اور ایک دستاویزی فلم بھی دکھائی جس سے ال سلواڈور کے مطالعہ جمہور، تاریخ

،آثار قدیمہ، جغرافیہ، فن تعمیر اور تہواروں کے متعلق تفصیلات سے شرکا کو کافی فائدہ ہوا۔ انھوں نے پرزینٹیشن کے دوران کوئز اور سوالات سے اس سرگرمی کو مزید دلچسپ اور خوش کن تجربہ بنا دیا۔ درست جواب کے لیے انعام بھی دیے گئے۔

پروگرام میں جامعہ کی ممتاز فیکلٹی اراکین موجود تھے جن میں پروفیسر اندولیکا، ڈین، فیکلٹی آف فائن آرٹس، پرفیسر ابوذر خیری ، پروفیسر نجمی اور ڈاکٹر محسن وغیرہ شامل تھے۔

جناب اجے پرساد شعبہ السنۂ خارجی کے اظہار تشکر پر پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ